Department of Education

Joel I. Klein
Chancellor

Kathleen Grimm
Deputy Chancellor

ستمبر 2010

محترم والدین اور سرپرست حضرات،

ہم آپ کو اس موقع سے ایک وفاقی پروگرام کے بارے میں بتانا چاہیں گے جس سے آپ کا خاندان اپنے بچے کو غذائیت بخش اور لذیذ کھانے فراہم کرتے ہوئے اپنے ہر بچے کے لئے سالانہ 250$ سے زیادہ کی بچت کرسکتا ہے- یہ پروگرام نیشنل اسکول لنچ پروگرام [National School Lunch Program (NSLP)] ہے اور یہ ان افراد کے لئے مفت اور رعایتی قیمت پر اسکول لنچ فراہم کرتا ہے جن کی گھریلو آمدنی مخصوص رہنما خطوط کے اندر آتی ہے- ماہرین کا اس امر پر اتفاق ہے کہ غذائیت بخش کھانے کھانے والے بچے سیکھنے کے لئے بہتر طور پر تیار ہوتے ہیں-

آمدنی سے متعلق وفاقی رہنما خطوط کی تکمیل کرنے والے گھرانوں کے بچے مفت یا رعایتی قیمت والے کھانوں کے اہل ہوں گے- آپ کے بچے کی اہلیت کا تعین کرنے کے لئے والدین یا سرپرست کو اسکولی کھانے کی درخواست (School Meals Application) مکمل کرکے اسے واپس بھیجنا چاہیے- درخواستیں اسکولی سال کی شروعات میں اسکولوں میں تقسیم کی جاتی ہیں اور واپس کیے جانے پر ان کا تجزیہ کیا جاتا ہے- اپنی سہولت کے لئے آپ اپنے خاندان میں اسکول جانے کی عمر کے سبھی بچوں کے لئے ایک درخواست مکمل کرنے کے واسطے آن لائن www.nyc.gov/accessnyc پر ایکسیس این وائی سی (ACCESS NYC) پر بھی جاسکتے ہیں-

درخواست جمع نہ کروانے والے گھرانوں کے طلباء سے ہمارے اسکول میں انہیں ہر ماہ پیش کیے جانے والے ہر لنچ کے لئے 1.50$ فی کھانے کی شرح سے پوری قیمت ادا کرنے کی توقع کی جاتی ہے- درخواست جمع کروانے سے قبل، طالب علم کے لنچ کی قیمت کی صورتحال پچھلے اسکولی سال سے بدستور جاری رہے گی- جس طالب علم کو پچھلے سال لنچ کے لئے پوری قیمت ادا کرنے والے طالب علم کی حیثیت سے درجہ بند کیا گیا تھا، اسے اسکول کے پہلے دن ہر لنچ کے لئے 1.50$ لازما ادا کرنا چاہیے خواہ اس طالب علم کا خاندان قومی کساد بازاری کے نتیجے میں معاشی پستی میں چلا گیا ہو- لہذا، سبھی خاندانوں سے ہماری التجا ہے کہ ایک نیا اسکولی کھانے کی ایک نئی درخواست فورا جمع کروائیں تاکہ ان کے بچے کی اسکولی کھانے کی اہلیت کو ان کی معاشی صورتحال کے موافق بنایا جائے- مزید برآں، **اسکولی سال 2010/2011 کے لئے درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 18 اکتوبر 2010 ہے- درخواست جمع نہ کرپانے والے سبھی بچوں کو 25 اکتوبر 2010 سے آغاز کار اپنے لنچ کے لئے پوری قیمت ادا کرنی ہوگی اس امر سے قطع نظر کہ اسکولی سال 2010/2011 کے لئے ان کی معاشی صورتحال جو بھی بیان کی گئی ہو-**

اگر آپ کو اسکولی کھانے کی درخواست مکمل کرنے میں اعانت چاہیے یا اگر آپ کو نئی درخواست درکار ہے تو، براہ کرم اپنے اسکول کے والدین ربط دہندہ سے رابطہ کریں یا دفتر برائے اسکول فوڈ ہیلپ ڈیسک سے 4400-707 (718) پر رابطہ کریں- بہت سارے پرنسپلز NSLP پروگرام سے تعلق رکھنے والے امور میں اسکولی ماہرین کے بطور رکن عملہ کو تعینات کرتے ہیں-

تہ دل سے،

کیتھلین گرم (Kathleen Grimm)

52 Chambers Street • Room 320 • New York, NY 10007
Telephone: 212-374-0209 Fax: 212-374-5588